Session 15th
No 71
Date 12/8/2015
Department Administration

## تحریک استحقاق

جناب سپیکر صاحب!

میں اس معزز ایوان کی توجہ اس اہم معاملہ کی جانب دلانا چاہتا ہوں اور وہ یہ کہ مورخہ 10 اگست 2015ء کو مجلس قائمہ نمبر 12 برائے محکمہ صحت کا اجلاس صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ میں طلب کیا گیا تھا جس میں اسمبلی کی طرف سے حوالہ کردہ اُمور کو زیر بحث لایا جانا تھا لیکن سیکرٹری محکمہ صحت کی مسلسل غیر حاضری کی بناء پر احتجاجاً اجلاس کو ملتوی کرنا پڑا کیونکہ مجلس ھذا نے اپنے منعقدہ اجلاس مورخہ 19 مارچ 2015ء کو بھی انکی غیر حاضری کا نوٹس لیا تھا لیکن محکمہ کی درخواست پر کمیٹی نے اپنی کارروائی کو جاری رکھا اور یہ ہدایت کی کہ آئندہ اجلاس میں وہ بذات خود شرکت کریں۔ باوجود واضح ہدایت کے 10 اگست کے اجلاس میں بھی وہ غیر حاضر رہے اور نہ ہی اُنہوں نے اسپیشل سیکرٹری یا ایڈیشنل سیکرٹری کو اجلاس میں بھیجا جس کی وجہ سے کمیٹی نے اپنا اجلاس آدھا گھنٹہ کے لئے برخاست کرتے ہوئے بذریعہ ڈاکٹر پرویز کمال خان، ڈی جی، ہیلتھ سروسز، خیبر پختونخوا، سیکرٹری صاحب کو حاضر ہونے کی اطلاع دی لیکن وہ پھر بھی حاضر نہیں ہوئے۔ سیکرٹری صحت کا یہ غیر ذمہ دارانہ رویہ (Disrespectful conduct) نہ صرف کمیٹی کی تذہیک کے مترادف ہے بلکہ کمیٹی کے واضح احکامات سے قصداً روگردانی کی گئی ہے جس سے کمیٹی کا استحقاق مجروح ہوا ہے۔

لہٰذا اس تحریک کو استحقاق کمیٹی کے سپرد کیا جائے تاکہ متعلقہ قانون کے مطابق اُنکے خلاف کارروائی عمل میں لائی جائے۔

(کمیٹی ھذا کے اجلاس منعقدہ مورخہ 19 مارچ 2015ء کی روئیداد کی نقل لف ہے۔)

11.8.15
محمود جان، ایم پی اے

11/8/2015